پریس ریلیز

بی او پی کے صدر نے ناصر باغ پشاور میں تقویٰ اسلامک بینکنگ برانچ کا افتتاح کیا

دی بینک آف پنجاب اسلامک بینکنگ گروپ نے اپنے نیٹ ورک کو وسعت دیتے ہوئے ناصر باغ پشاور میں 100 ویں تقویٰ اسلامک بینکنگ برانچ افتتاح کر دیا۔ یہ برانچ عام افراد، کاروباری حضرات، گردونواح کے تاجر حضرات کو اپنی روزمرہ ضروریات کے لئے درکار بنکاری کی خدمات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر مالیاتی خدمات جیسا کہ ڈیپازٹ اکاؤنٹ کھلوانا، ربا فری سرٹیفکیٹس کا اجرا، بیرون ملک سے رقوم کی منتقلی، مالیاتی معاہدوں اور مسابقتی کاروباری طریقہ کار کے تحت شرعی اصولوں کے مطابق مقامی و بین الاقوامی تجارتی رقوم کی منتقلی کی خدمات فراہم کرے گی۔ برانچ کا افتتاح بی او پی کے صدر اور سی ای او ظفر مسعود نے کیا۔ تقریب میں دی بینک آف پنجاب کی انتظامیہ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بی او پی کے صدر اور سی ای او ظفر مسعود نے کہا کہ شرعی اصولوں کے مطابق بینکاری کے رجحان میں نہ صرف مقامی طور پر بلکہ دنیا بھر میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ ماڈل ترقی کی بلندیوں پر جائے گا۔ اسی لئے صارفین اسلامی بنکاری سے انہی سہولیات کی توقع رکھتے ہیں جو کے انھیں روایتی بنکاری میں حاصل ہیں۔ اسلامی بینک ڈیمانڈ کو پورا کرنے کی وجہ سے غیر معمولی طور پر ترقی کر رہے ہیں۔ پشاور میں دوسری برانچ کے افتتاح سے خیبر پختونخواہ میں اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ کے نئے کاروباری مواقع میں اضافہ ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل جدت ترقی کی ضمانت ہے۔ بطور بینک ہم صارفین کے نقطہ نظر سے ڈیجیٹل تبدیلی میں مصروف ہیں اور 2021 میں ہماری ترقی کا یہی بنیادی نقطہ اور ایجنڈا ہے۔